# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان | | |

**مقاصد:** متن کو درست، تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، مشکل الفاظ کے کارڈ، ٹوکری، لفظی جیب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنا کر انھیں ایک ایک صوبے کی مختلف تصویریں دے دیں۔
- پانچویں گروہ کو گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے بارے میں تصویریں دے دیں۔ بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ ان تصویروں کو غور سے دیکھیں اور ان کے بارے میں آپس میں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچوں سے انھیں تفویض کیے گئے صوبے، علاقے کے بارے میں دریافت کریں۔ اسی طرح سے سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھ نمبر لکھے ہوں۔ ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔ درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 58 کھلوائیں۔
- سبق کو چار حصوں میں تقسیم کر دیں۔

| |
|---|
| • بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ اب 4 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔<br>• اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ پیراگراف پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔<br>• دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خوداعتمادی کھودیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سبق کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، گتے کا ڈبا، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "نئے الفاظ" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "صفت" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔

- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 4 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ ایک دانے پر کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر دیے گئے الفاظ میں سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانے پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے چھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیئے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| صِفت | | مُنعَقِد ہونا | |
| مُرَوَّجَہ | | حصُولِ آزادی | |
| بیدار کرنا | | اِختتام | |
| مفید | | خالقِ حقیقی | |

دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

ا۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نے اپنی شاعری سے کیا کام لیا؟

جواب: ____________________

۲۔ ۱۹۳۰ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس کہاں منعقد ہوا؟

جواب: ____________________

۳۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کو مفکرِ پاکستان کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: ____________________

۴۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نے کب وفات پائی اور کہاں دفن ہوئے؟

جواب: ____________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم:     یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 60 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 60 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری پانچوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات بیان کر سکیں۔

کثیر الاستعمال الفاظ روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم" ، ڈبّا

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ سبق میں سے چار سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔ مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔

- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔
- بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق سنائیں گے / گی۔ انھوں نے سبق غور سے سننا ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔ بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔
- اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے کثیر الاستعمال الفاظ سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوباری شروع کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) کچھ بچوں سے سبق کے اہم نکات سنیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان | |

**مقاصد:** عددی ترتیب (ایک سے تیس تک) لکھ سکیں۔

سادہ جملوں کو زمانہ ماضی، حال، مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو سوم"، کاغذ کی چھے پرچیاں جن پر ایک تا تیس میں سے کوئی سے چھے اعداد پر مشتمل مختلف چیزوں کی تصویریں بنی ہوں۔

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بورڈ پر چاک کی مدد سے ایک سطر میں دس پنسلیں بنائیں۔ دوسری سطر میں دس درخت بنائیں جبکہ تیسری سطر میں دس بستے بنا دیں۔
- اب عددی ترتیب (ایک تا دس) کا استعمال کرتے ہوئے ان چیزوں کے نام بولیں۔ جیسے پنسلوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، پہلی پنسل، دوسری پنسل، تیسری پنسل وغیرہ۔ درخت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پہلا درخت، دوسرا، درخت، تیسرا درخت وغیرہ۔ بستوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پہلے نمبر والا بستہ، دوسرے نمبر والا بستہ، وغیرہ۔ اب آپ چیزوں کی طرف اشارہ کریں اور بچوں کو اسی ترتیب سے ان چیزو ں کے نام بتانے کے لیے کہیں۔
- سب بچے مل کر بلند آواز کے عددی ترتیب بولتے ہوئے ان چیزوں کے نام لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ الفاظ پہلا، دوسرا، تیسرا عددی ترتیب ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ الفاظ جو چیزوں کی ترتیب اور درجوں کو ظاہر کریں "عددی ترتیب" کہلاتے ہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں اردو گنتی اور دوسرے میں عددی ترتیب کی سرخی دیں۔ گنتی والے کالم میں ایک تا تیس اعداد لکھ دیں۔ اور دوسرے کالم میں ان اعداد کی عددی ترتیب لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔
- کاغذ کی چھے پرچیاں لیں جن پر گنتی ایک تا تیس میں سے کوئی سے چھے اعداد سے متعلق مختلف چیزوں کی تصویریں بنی ہوں۔
- جیسے: 16 غباروں کی تصویریں، 21 پھولوں کی تصویریں وغیرہ۔
- یہ پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر بنی ہوئی تصاویر گنیں اور ان کی تعداد لفظی گنتی میں ان کے سامنے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں ایک سے دو منٹ کا وقت دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلا کر انھیں پرچیاں بورڈ پر چسپاں کر کے ان پر لکھی ہوئی لفظی گنتی پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ فعل ماضی سے کیا مراد ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ نہ آنے کی صورت میں نرمی سے دہرا دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسا فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا گزرے ہوئے زمانے میں پایا جائے "فعل ماضی" کہلاتا ہے۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ فعل حال اور فعل مستقبل سے کیا مراد ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسا فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ زمانے میں پایا جائے "فعل حال" کہلاتا ہے۔ ایسا فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا آنے والے زمانے میں پایا جائے "فعل مستقبل" کہلاتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم جملوں کو زمانے کے لحاظ سے شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر 3 کالم بنا کر ایک میں فعل ماضی، دوسرے میں فعل حال اور تیسرے میں فعل مستقبل کی سرخی لکھ دیں۔
- اب متعلقہ کالموں میں سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں۔ جملے پڑھائیں۔
- اب پہلا جملہ بولیں اور بچوں کو اس جملے کو فعل حال اور فعل مستقبل میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب اس جملے کو فعل حال اور فعل مستقبل میں تبدیل کر کے متعلقہ کالموں میں لکھیں اور پڑھائیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کرواتے ہوئے جملوں کو زمانے کے مطابق تبدیل کروائیں۔

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| عرفان کرکٹ کھیلتا تھا۔ | عرفان کرکٹ کھیلتا ہے۔ | عرفان کرکٹ کھیلے گا۔ |

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے جملوں کو زمانے کے مطابق تبدیل کروائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق کی گھر میں مشق کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان | |
| **مقاصد:** اِشاروں کی مدد سے جملے لکھ سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، باجا، سادہ شیٹیں، سوالات کی پرچیاں | | | |


**تحریکی سرگرمی:**

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- مفکرِ پاکستان سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں سے سوال کریں کہ فرض کریں کہ اگر آپ علامہ محمد اقبال کے زمانے میں ہوتے اور آپ کو ان سے ملاقات کرنے کا موقع ملتا تو آپ ان سے کیا کیا باتیں کرتے؟ تمام بچوں کو اظہار خیال کا موقع دیں۔
- اس دوران میں مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ دیں۔ جن بچوں کا جواب ایک ہی ہو، ان کی ایک ہی جوڑی یا گروہ بنا دیں۔
- اب انھیں سادہ شیٹیں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ یا جوڑی کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا لکھا ہوا جواب سنانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب ایک ٹوکری میں تین مختلف رنگ کے بٹن ڈال دیں۔ یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔ جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں، ان کا ایک گروہ بنا دیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 7 میں دیا گیا خاکہ بنائیں۔




- بچوں سے پوچھیں کی یہ خاکہ کس مشہور شخصیت کے بارے میں ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب خاکے کی مدد سے بچوں کو قائد اعظم کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔
- اب ہر گروہ کو ایک سادہ شیٹ دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر بنے ہوئے خاکے کی مدد سے قائد اعظم کے بارے میں دس مربوط جملے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ کو تین برابر حصوں میں تقسیم کر کے ایک میں ٹیم بادل، دوسرے میں ٹیم دھنک اور تیسرے میں ٹیم سورج کی سرخی لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں، اسے اپنے گروہ کے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اس کے بعد تینوں گروہوں کے کام کا جائزہ لیں۔ جس گروہ کے بچے نے جملے درست طور پر لکھے ہوں گے اور اس میں املا کی اغلاط بھی کم ہوں گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر قائد اعظم کے بارے میں دس مربوط جملے لکھیں۔ بچوں کو دو سے تین بار کہلوائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور قائد اعظم کے بارے میں نو مربوط جملے بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں پر لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو، ان کی رہنمائی کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) مختلف بچوں کو بلا کر ان سے قائد اعظم سے متعلق دو دو جملے لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔ |